Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۴ رمضان المبارک سنہ ۱۳۴۵ھ مطابق ۷ مارچ سنہ ۱۹۲۷ء	نمبر ۱

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصۂ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ منصرم باغات	۱
۲	اضافہ جات اہلکاران وغیرہ سپاہیان دورۂ الاقضا ...	۱
۳	اضافہ جمعدار تانگوں کے بلاسپور ...	۲
۴	بحالی دو تانگوں کے بلاسپور	۳
۵	اضافہ جات اہلکاران ...	۴
۶	نقشہ جات ... نقشہ رفتار اجلاس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۲۲ فروری سنہ ۱۹۲۷ء

مثبتہ رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر در بارہ صدور حکم منظوری دس روپیہ ماہوار اضافہ در صاحبزادہ سید اشفاق علیخاں خلف صاحبزادہ سید محمد مصطفےٰ علیخاں بہادر خادم صدر منصرم باغات مشاہرہ دار پچاس روپیہ ماہوار بوجہ مستعدی و حاضر باشی بجز

حکم

بموجب رپورٹ صاحبزادہ سید اشفاق علی خان بہادر منصرم باغات کی موجودہ تنخواہ میں دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہو۔ احکام ضابطہ جاری ہوں

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۷ فروری سنہ ۱۹۲۲ء

اہلکاران و چپراسیان دارالانشاء کا نقشہ تنخواہ ملاحظہ ہوا۔ لہذا

۱۔ منشی نول بہاری لال اہلمد مشاہرہ دار اٹھارہ روپیہ ماہوار کا چار روپیہ اور منشی لاڈلے بہاری لال اہلمد مشاہرہ دار پندرہ روپیہ ماہوار کا پانچ روپیہ اضافہ منظور ہو۔

۲۔ نبی گل خان دفتری۔ اندر و روشن ولد رام پرشاد چپراسیان کا ایک ایک روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہو۔

احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۴ فروری سنہ ۱۹۲۲ء

مثبتہ تحریر صاحب مہتمم بندوبست دربارہ اضافہ تنخواہ مبلغ دو روپیہ سید معصوم شاہ رجسٹرار قانونگوے تحصیل بلاسپور بوجہ حسن انجام دہی کام۔

حکم

حسب سفارش صاحب مہتمم بندوبست سید معصوم شاہ رجسٹرار قانونگوے تحصیل بلاسپور کی تنخواہ موجودہ تیئیس روپیہ ماہوار میں دو روپیہ ماہوار اضافہ کیا جانا منظور ہے۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۲ فروری سنہ ۱۹۲۲ء

مثبتہ تحریر صاحب مہتمم بندوبست دربارہ منظوری اضافہ مبلغ دو روپیہ ماہوار منشی درگا پرشاد گرداور قانونگوے تحصیل بلاسپور بلحاظ حسن انجام دہی کام

حکم

حسب سفارش صاحب مہتمم بندوبست درگا پرشاد گرداور قانونگوے تحصیل بلاسپور مشاہرہ دار بیس روپیہ ماہوار کی تنخواہ موجودہ میں دو روپیہ اضافہ کیا جانا منظور ہو۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب فائننشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۸ فروری سنہ ۱۹۲۲ء

مثبتہ یادداشت بخشی صاحب فوج دربارہ اضافہ تنخواہ اہلمدان بخشیگری بوجہ قلت تنخواہ از یکم مارچ سنہ ۱۹۲۲ء مندرجہ ذیل بوجہ حسن انجام خدمت

محمد رضا خان اہلمد تنخواہ موجودہ [illegible] ۔ اضافہ [illegible]

اخلاق حسن خان اہلمد تنخواہ موجودہ [illegible] 〃 [illegible]

پیارے لال اہلمد تنخواہ موجودہ [illegible] 〃 [illegible]

حکم

حسب سفارش بخشی صاحب فوج محمد رضا خان اہلمد بخشیگری کی تنخواہ موجودہ میں ایک روپیہ آٹھ آنہ۔ اور اخلاق حسن خان کی موجودہ تنخواہ میں تین روپیہ۔ اور پیارے لال کی تنخواہ موجودہ میں دو روپیہ ماہوار اضافہ یکم مارچ سنہ ۱۹۲۲ء سے منظور کیا جاتا ہے۔ بغرض اجرائے احکام صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب فائننشل سکریٹری بہادر

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا یکم لغایت ۷ مارچ سنہ ۱۹۲۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۵۰ مار			۶ مار	۶۰ مار	۶ مار	
نخود خالص	۶۰ مار			۶۰ مار	۷۰ مار	۶ مار	
نخود شکستہ آمیز	۷ مار			۷۰ مار	۰	۶۰ مار	
شکستہ	۷ مار			۸ مار	۰	۷ مار	
مسور	۵۰ مار			۵ مار	۵ مار	۵۰ مار	
مونگ	۴ مار			۴۰ مار	۰	۵۰ مار	
مکا	۸ مار			۰	۸۰ مار	۷ مار	
جئی	۹ مار			۰	۰	۱۰ مار	
کودی	۸ مار			۰	۰	۸ مار	
ماش	۶ مار			۶ مار	۰	۶ مار	
ارہر	۹ مار			۰	۰	۶ مار	
برنج	۵ مار			۵ مار	۰	۵ مار	
روغن زرد	۷ مار			۰	۰	۴ مار	
روغن سیاہ	۱۰ مار			۴ مار	۰	۱۰ مار	
روغن کنجد	۱ر مار			۱۱ر	۱ مار	۱ مار	
نمک سانبھر	۱۲ مار			۱۱ مار	۱۲ مار	۱۲ مار	
نمک لاہوری	۶ مار			۰	۰	۸ مار	
قند سیاہ	۷ مار			۰	۷ مار	۶ مار	
باجرہ	۷ مار			۰	۰	۷ مار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور